# درس بیست و چهارم

## چوبیسواں سبق

## داستان پرواز
## (پرواز کی کہانی)

ماخوذ از کتاب فارسی سوم دبستان، ایران

**متن فارسی:**

انسان، از زمانهایِ بسیار قدیم، آرزوی پرواز داشت. میخواست درآسمانِ زیبای آبی پرواز کند. از عقابها بالاتر رود و از ابرها بگذرد. می خواست به ماه روشن و ستارگان درخشان برسد. انسان، برای رسیدن به این آرزو، کوششهای بسیار کرده است.

در حدود هزار و صد سال پیش، یکی از مسلمانان دانشمند به نام عباس بن فرناس، بالهایی برای پرواز در آسمان ساخت. او با آن بالها به پرواز درآمد و پس از مدتی به زمین نشست. حدود صد سال پیش یک جوان آلمانی نیز به همین فکر افتاد. نام او اتو بود. وی چندین سال زحمت کشید و بالهای بزرگی ساخت. اولین بار که پرواز کرد از شادی در پوست خود نمی گنجید. اتو، صدها بار، با بالهای بهتر و محکمتری در آسمان پرواز کرد.

☆☆☆

**مشکل الفاظ کے معانی**

| معانی | الفاظ | معانی | الفاظ |
|---|---|---|---|
| سائنسدان | دانشمند | بہت پرانے | بسیار قدیم |
| پر (جمع) | بالها | نیلا | آبی |
| زمین پر اترا | به زمین نشست | بادل (جمع) | ابرها |
| جرمن | آلمانی | چمکتے ستارہ | ستارگان درخشان |
| تکلیف اٹھائی | زحمت کشید | تقریباً | در حدود |
| پھولا نہیں سماتا تھا | در پوست خود نمی گنجید | گیارہ سو سال | هزار و صد سال |

☆☆☆

**ترجمہ:**

انسان بہت قدیم زمانوں سے اڑنے کی آرزو رکھتا تھا۔ وہ چاہتا تھا کہ نیلے رنگ کے خوبصورت آسمان پر پرواز کرے۔ عقابوں سے اونچا جائے اور بادلوں سے گزرے۔ وہ چاہتا تھا کہ روشن چاند اور چمکدار ستاروں تک پہنچے۔ انسان نے اس آرزو تک پہنچنے کیلئے بہت کوششیں کی ہیں۔

تقریباً گیارہ سو سال پہلے ایک مسلمان سائنسدان عباس بن فرناس نے آسمان پر اڑنے کیلئے پر بنائے۔ وہ ان پروں کے ساتھ اڑنے لگا اور تھوڑی دیر کے بعد زمین پر اترا۔ تقریباً سو سال پہلے ایک جرمن نوجوان کو بھی یہی خیال آیا۔ اس کا نام "اتو" تھا۔ اس نے کئی سال تک محنت کی اور بڑے پر بنائے۔ پہلی دفعہ جب اس نے پرواز کی تو وہ خوشی سے پھولا نہ سماتا تھا۔ تو نے سینکڑوں بار بہتر اور مضبوط تر پروں سے آسمان میں پرواز کی۔

☆☆☆

## متن فارسی:

"ویلبررایت" جوان آمریکایی بود.او خیلی باهوش و زیرك بود. روزی هنگام بازی به زمین خورد. به سبب شکستگی استخوان مجبور شد چند سال در خانه بماند. او در این مدت بیکار ننشست و کتابهای مفیدی خواند. اتفاقاً کتابهایی درباره سرگذشت "اتو" و آزمایشهای وی به دستش رسید. ویلبر پس از خواندن این کتابها تصمیم گرفت کار او را دنبال کند. برادرش "ارویل" نیز با او بود.

این دو برادر آمریکایی اول بالهایی ساختند و با آن پرواز کردند و بعد به فکر ساختن ماشینی برای پرواز افتادند. سه سال طول کشید تا کوششهای آنان به نتیجه رسید. هنگامی که نخستین هواپیما آماده شد آنها دوستان خود را به دشتی دعوت کردند تا اولین پرواز آنها را تماشا کنند همه با اشتیاق منتظر دیدن این کار عجیب بودند.

☆☆☆

## مشکل الفاظ کے معانی

| معانی | الفاظ | معانی | الفاظ |
|---|---|---|---|
| تجربات | آزمایشها | ہوشیار، چالاک | زیرک |
| اس نے فیصلے کیا | تصمیم گرفت | گر پڑا | بہ زمین خورد |
| جاری رکھے گا | دنبال کند | ہڈی | استخوان |
| پہلا | نخستین | حالات زندگی | سرگذشت |

☆☆☆

## ترجمہ:

''ویلبر رائٹ'' ایک امریکی نوجوان تھا۔ وہ بہت عقلمند اور ہوشیار تھا۔ ایک دن کھیل کے دوران وہ زمین پر گرا۔ ہڈی ٹوٹ جانے کے باعث وہ چند سال تک گھر بیٹھنے پر مجبور ہوگیا۔ وہ اس عرصے میں بیکار نہیں بیٹھا اور اس نے مفید کتابیں پڑھیں۔ اتفاق سے اتو کے حالات زندگی اور اس کے تجربات کے بارے میں کتابیں اس کے ہاتھ لگیں۔ ویلبر نے یہ کتابیں پڑھنے کے بعد فیصلہ کیا کہ وہ اس کے کام کو آگے بڑھائے۔ اس کا بھائی ''ارویل'' بھی اس کے ساتھ تھا۔

ان دو امریکی بھائیوں نے پہلے پر بنائے اور ان کے ساتھ پرواز کی۔ بعد میں انہیں اڑنے کیلئے ایک مشین بنانے کا خیال ذہن میں آیا۔ ان کی کوششوں کو نتیجہ تک پہنچنے میں تین سال لگے۔ جب پہلا ہوائی جہاز تیار ہوا تو انہوں نے اپنے دوستوں کو ایک جنگل میں دعوت دی تاکہ وہ ان کی پہلی پرواز دیکھیں۔ سب شوق سے اس عجیب کام کو دیکھنے کے منتظر تھے۔

☆☆☆

## متن فارسی:

سرانجام هواپیما از زمین برخاست و به پرواز درآمد. قلب همه از شادی و هیجان می تپید. این پرواز ۳۸ دقیقه طول کشید. سپس هواپیما به سلامت برزمین نشست و ویلبر با سرافرازی از آن خارج شد. ویلبر و ارویل اولین کارخانه هواپیما سازی راتأسیس کردند. از آن زمان نزدیک به هشتاد

سال میگذرد۔ امروز هوا پیماها' انسان را درانذک زمانی ازاین سوی زمین به سوی دیگرآن می برند۔دانشمندان' پس از کوشش بسیار' دستگاهی ساختند که انسان در کره ماه نیز فرود آمد۔ دانشمندا ن با ز هم دارند برای راه یافتن به فضاها و کره ها ی دیگر سعی می کنند۔

☆☆☆

## مشکل الفاظ کے معانی

| معانی | الفاظ | معانی | الفاظ |
|---|---|---|---|
| فخر کے ساتھ | با سرافرازی | بالآخر | سرانجام |
| انہوں نے قائم کیا | تأسیس کردند | ہوائی جہاز | ھواپیما |
| اسی سال | ھشتادسال | زمین سے اڑا | اززمین برخاست |
| کم وقت میں | دراندک زمانی | سب کا دل | قلب ھمہ |
| مشین' آلہ | دستگاہ | خوشی | شادی |
| اترا | فرودآمد | جوش وخروش | ھیجان |
| دوردراز | دوردست | دیکھا | تماشا کردند |
| کوشش کرنا | سعی کردن | منٹ | دقیقہ |

☆☆☆

ترجمہ:

آخر کار' ہوائی جہاز زمین سے اٹھا اور اڑنے لگا۔ سب کا دل خوشی اور جوش سے دھڑک رہا تھا۔ یہ پرواز ۳۸ منٹ جاری رہی۔ پھر ہوائی جہاز سلامتی کے ساتھ زمین پر اترا اور ویلبر فخر کے ساتھ اس سے باہر نکلا۔ ویلبر اور اوریل نے ہوائی جہاز بنانے کا پہلا کارخانہ قائم کیا۔ اس زمانے کو تقریباً اسی سال گزر رہے ہیں۔ آج ہوائی جہاز انسان کو تھوڑے سے وقت میں زمین کے اس کنارے سے دوسری طرف لے جاتے ہیں۔ سائنسدانوں نے بہت کوششوں کے بعد ایک ایسی مشین بنائی جس سے انسان چاند پر بھی پہنچ گیا۔ سائنسدان اس کے علاوہ دور دراز خلاؤں اور دوسرے کروں میں راستہ تلاش کرنے کیلئے کوشش کر رہے ہیں۔

☆☆☆

## تمرین کا حل

(۱)

**سوال۱: کس مسلمان سائنسدان نے پہلی بار پرواز کی؟**

جواب: عباس بن فرناس نامی مسلمان سائنسدان نے پہلی بار پرواز کی۔

**سوال۲: سبق میں جرمنی کے نوجوان کے بارے میں کیا بتایا گیا ہے؟**

جواب: جرمنی کے نوجوان ''اتو'' کے بارے میں یہ بتایا گیا ہے کہ آج سے تقریباً ایک سو سال پہلے ''اتو'' کے دل میں پرواز کا خیال پیدا ہوا۔ کئی سال کی محنت سے اس نے بڑے بڑے پر بنائے۔ اس نے سینکڑوں بار بہتر اور مضبوط تر پروں سے آسمان پر پرواز کی۔

**سوال۳: جدید ہوائی جہاز کے موجد کون ہیں؟**

جواب: جدید ہوائی جہاز کے موجد دو امریکی نوجوان بھائی ویلبر رائٹ اور اردیل رائٹ ہیں۔

**سوال۴: انہیں ہوائی جہاز بنانے کا خیال کیسے آیا؟**

جواب: ویلبر رائٹ ایک امریکی نوجوان تھا۔ وہ ایک ہوشیار اور ذہین نوجوان تھا۔ ایک دن کھیلتے ہوئے وہ زمین پر گرا تو اس کی ھڈی ٹوٹ گئی جس کے باعث چند سال تک اسے گھر میں بیٹھنا پڑا۔ اس دوران اس نے گھر میں بیٹھ کر بہت مفید کتابیں پڑھیں۔ اتفاق سے ''اتو'' کے حالات زندگی اور تجربات کے بارے میں کتابیں بھی اس کے ہاتھ لگیں جنہیں پڑھ کر اس نے اتو کے مشن کو جاری رکھنے کا فیصلہ کیا۔ اس کام میں اس کا بھائی اردیل رائٹ بھی اس کے ساتھ تھا۔ انہوں نے بڑے بڑے پر بنائے اور پرواز کی۔ پھر انہیں اڑنے کیلئے ایک مشین بنانے کا خیال آیا۔ اس طرح کچھ عرصے بعد انہوں نے ہوائی جہاز بنالیا۔

**سوال۵: جہاز سازی کا پہلا کارخانہ کس ملک میں قائم ہوا؟**

جواب: جہاز سازی کا پہلا کارخانہ امریکہ میں قائم ہوا۔

☆☆☆

**(۲)**

**سوال۱: واحد سے جمع اور جمع سے واحد بنایئے۔**

**انسان۔ زمانہا۔ آرزو۔ بازی۔ کتابہا۔ کار۔ قلب۔ برادر۔ دانشمندان۔ کرہ**

جواب:

| | |
|---|---|
| انسان (واحد) | انسانہا (جمع) |
| زمانہا (جمع) | زمان (واحد) |
| آرزو (واحد) | آرزوھا (جمع) |
| بازی (واحد) | بازیہا (جمع) |
| کتابہا (جمع) | کتاب (واحد) |
| کار (واحد) | کارھا (جمع) |
| کرہ (واحد) | کرہ ھا (جمع) |
| قلب (واحد) | قلبہا (جمع) |
| برادر (واحد) | برادران (جمع) |
| دانشمندان (جمع) | دانشمند (واحد) |

**سوال۲: سبق میں ''دو برادر'' کہا گیا ہے۔ ''دو برادران'' کیوں درست نہیں ہے؟**

جواب: فارسی زبان کا اصول ہے کہ کوئی بھی عدد لکھنے کے بعد اردو زبان کے برعکس اسم مفرد استعمال کرتے ہیں۔ مثلاً اردو میں لکھا جاتا ہے دو کتابیں جبکہ فارسی میں ''دو کتاب'' لکھا جائے گا۔ دو کتابہا لکھنا درست نہیں۔ اسی طرح پانچ کرسیاں کا فارسی ترجمہ ''پنج صندلی'' ہوگا۔ ''پنج صندلی ھا'' درست نہیں۔

**سوال۳: فارسی ترجمہ کیجئے:**

معاف کیجئے میں پچیس منٹ دیر سے پہنچا۔ راستے میں ٹریفک کا بہت رش تھا۔ ایک بار گاڑی کا ٹائر پنکچر ہوا۔ کیا آپ نے انکوائری سے پوچھا ہے کہ طیارہ کب اترے گا؟ اگر نہیں پوچھا تو چلیں پوچھ لیتے ہیں۔ اجازت دیجئے میں گاڑی پارک کرلوں، پھر اکٹھے اندر چلتے ہیں۔

www.downloadclassnotes.com

فارسی ترجمہ:

ببخشید من بیست و پنج دقیقه دیر رسیدم . در راه ترافیک زیاد بود. یک بار چرخ ماشین پنچر شد. آیا شما از اطلاعات پرسیده اید که هواپیما کی خواهد نشست؟ اگر نپرسیدید برویم بپرسیم .اجازه بدهید که من ماشین را پارک کنم . سپس با هم داخل می رویم.

## معروضی سوالات

**1: کثیر الانتخابی سوالات (Multiple Choice Questions)**

☆ ہر سوال کے نیچے چار ممکنہ جواب دیئے گئے ہیں . ان میں سے صرف ایک جواب درست ہے۔ درست جواب پر نشان (✓) لگائیے:

-1 ☆کس مسلمان سائنسدان نے پہلی بار پرواز کی؟
(الف) بوعلی سینا (ب) عباس بن فرناس ✓ (ج) زکریا رازی (د) جابر بن حیان

-2 ☆ کتنے سال پہلے جرمن نوجوان "اتو" نے بڑے پروں کے ساتھ پرواز کی؟
(الف) 50 سال (ب) 70 سال (ج) 100 سال ✓ (د) 125 سال

-3 ☆ ولبر رائٹ نے کس کے حالات زندگی پڑھنے کے بعد پرواز کرنے کا فیصلہ کیا؟
(الف) عباس بن فرناس (ب) بوعلی سینا (ج) اوریل (د) اتو ✓

-4 ☆ پہلے ہوائی جہاز کی پہلی پرواز کتنی دیر تک جاری رہی؟
(الف) 10 منٹ (ب) 24 منٹ (ج) 38 منٹ ✓ (د) 42 منٹ

-5 ☆ ولبر اور اوریل نے جہاز سازی کا پہلا کارخانہ کس ملک میں قائم کیا؟
(الف) ایران (ب) امریکا ✓ (ج) جرمنی (د) فرانس

☆☆☆☆☆

www.downloadclassnotes.com